The Scottish Parliament
Pàrlamaid na h-Alba

# آپ کی اسکاٹش پارلیمان



**اسکاٹش پارلیمان کیا ہے؟**
اسکاٹش پارلیمان 1999 میں مسائل پر بحث کرنے اور اسکاٹ لینڈ کیلیئے قوانین بنانےکیلیئےقائم کی گئی۔ یہ 129 منتخب شدہ نمائندوں سے مل کر بنتی ہے جنہیں ممبران اسکاٹش پارلیمان یا ایم ایس پی کہا جاتا ہے



**اسکاٹش پارلیمان کیا فیصلے کر سکتی ہے؟**
اسکاٹش پارلیمان کو مختلف مسائل پر قانون سازی کا اختیار حاصل ہے جنہیں **تفویض کردہ** معاملات کہا جاتا ہے۔ بعض معاملات اکیلے یو کے پارلیمان کی ذمہ داری رہتی ہے انہیں **مخصوص** معاملات کہا جاتا ہے

**تفویض کردہ معاملات ان پر مشتمل ہیں:**
- زراعت، جنگلات اور ماہی پروری
- تعلیم اور تربیت
- ماحولیات
- صحت اور سوشل سروس
- ہاؤسنگ
- زمینی استعمال کی منصوبہ بندی
- قانون اور امن عامہ
- مقامی حکومت
- کھیل و ثقافت
- ٹیکسوں کی کچھ اقسام
- ٹرانسپورٹ کے مختلف پہلو

**مخصوص معاملات ان پر مشتمل ہیں :**
- بینیفٹ اور سوشل سیکورٹی
- نشریات
- آئین
- دفاع
- روزگار
- برابری کے مواقع
- خارجہ پالیسی
- امیگریشن
- صنعت و تجارت

اسکاٹش پارلیمان کو اسکاٹ لینڈ ایکٹ 2016 کے تحت ٹیکسوں، بہبود اور اسکاٹش پارلیمان کےالیکشن کے شعبوں میں قانون سازی کے مزید اختیارات منتقل کئے جا رھے ھیں

**پارلیمان کیسے قوانین بناتی ھے؟**

اسکاٹش پارلیمان بل پاس کر کے قوانین بناتی ھے۔ بل اسکاٹش گورنمنٹ، ایم ایس پی جو اسکاٹش گورنمنٹ کے ممبر نہیں ھوتے، کمیٹیاں، ادارے اور افراد جو ایم ایس پی نہیں ھوتے، پیش کر سکتے ھیں۔ وہ عام طور پر تین مراحل پر مشتمل ایک طریق کار اپناتے ہیں۔

**بل کے مراحل**

**مرحلہ1**

پارلیمانی کمیٹی بل کےعام ضوابط( مجموعی مقصد )پر غور کرتی ھے اور عام طور پر عوام سے انکی رائے پوچھتے ھیں

پھر پارلیمان اس پر بحث کرتی ھے اور چیمبر میں بل کے عام اصولوں پر ایک فیصلے پر پہنچتی ھے۔

**مرحلہ2**

ایک پارلیمانی کمیٹی بل پر تفصیل سے غور کرتی ھے اور مجوزہ تبدیلیوں پر فیصلہ کرتی ھے( ترامیم)

**مرحلہ3**

پارلیمان بل میں مزید ترامیم پر غور کر سکتی ھے۔ پھر پارلیمان اس بل کو منظور یا رد کرنے کا فیصلہ کرتی ھے۔

**پھر کیا ھوتا ھے؟**

جب بل منظور ھو جاتا ھے تو عام طور پر چارہفتے کا عرصہ اسکو چیلنج کرنے کیلیئے رکھا جاتا ھے اگر یہ مانا جائے کہ یہ قانون سازی اسکاٹش پارلیمان کے دائرہ اختیارسے باھر ھے۔ اگراسے چیلنج نہیں کیا جاتا تو اسے بادشاہ/ ملکہ کی شاہی منظوری کیلیئے پیش کیا جاتا ھے۔

جب اسے شاھی منظوری حاصل ھو جائے تو وہ اسکاٹش پارلیمان کا قانون بن جاتا ھے۔ تاھم ہو سکتا ہے کہ یہ سب فوری طور پر نافذالعمل نہ ھو ۔



**کیا آپ جانتے ھیں؟**
اسکاٹش پارلیمان اور اسکاٹش گورنمنٹ دو مختلف ادارے ھیں۔ اسکاٹش پارلیمان تفویض شدہ معاملات میں قانون سازی کرتی ھے اور اسکاٹش گورنمنٹ اسکو جوابدہ ھوتی ھے۔ اسکاٹش گورنمنٹ قوانین پر عمل درآمد کرتی ھے اور تفویض شدہ معاملات میں پالیسی مرتب کرتی ھے۔

**ایم ایس پی**

## ممبران اسکاٹش پارلیمان (MSPs) کیسے منتخب کئے جاتے ھیں؟

اسکاٹش پارلیمان کے انتخابات میں ہر ووٹر کے دو ووٹ ھوتے ھیں - ایک انکے انتخابی حلقے کیلیئے اور ایک انکے علاقے کیلیئے۔ کل 73 انتخابی حلقوں کے ایم ایس پی اور 56علاقائی ایم اسی پی ھوتے ھیں۔ ممبران اسکاٹش پارلیمان کو اضافی ممبر سسٹم کو استعمال کرتے ہوئے منتخب کیا جاتا ھے جو کہ متناسب نمائندگی کی ایک شکل ھے۔ اسکاٹ لینڈ میں ہر شخص کو عام طور پر ایک انتخابی حلقے کے ممبر پارلیمان اور سات علاقائی ممبران پارلیمنٹ کی نمائندگی حاصل ھوتی ھے۔ ان سب کا ایک جیسا درجہ ھوتا ھے اور آپ ان آٹھ میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی رابطہ کر سکتے ھیں۔

## اسکاٹش پارلیمان میں 2016 کے انتخابات میں پارٹی پوزیشن




## ممبران اسکاٹش پارلیمان (MSPs) کیا کرتے ھیں؟

ایم ایس پی اپنے مقامی علاقوں میں جہاں کی وہ نمائندگی کرتے ھیں کام کرتے ھیں۔ وہ اسکاٹش پارلیمان کےمباحثوں اور کمیٹی کی میٹنگوں میں حاضر ھوتے ھیں۔ آپکی نمائندگی کرتے ہوئے ایم ایس پی:

- کسی مسئلے پر حمایت کیلیئےایک تحریک پیش کرتے ھیں
- بحث میں بولتے ھیں

- قانون تبدیل کرنے کیلیئے بل متعارف کراتے ھیں
- اسکاٹش گورنمنٹ کے وزراء سے سوال پوچھتے ھیں
- کسی دیگر شخص یا ادارے کو معاملہ بھجواتے ھیں،یا سوال پوچھتے ھیں


**کون میری نمائندگی کرتا ھے؟**

یہ جاننے کیلیئے کہ کون میری نمائنڈگی کرتا ھے آپ پوسٹ کوڈ کی مدد سے ھماری ویب سائیٹ استعمال کر سکتے ہیں یا پبلک انفارمیشن سے رابطہ کر سکتے ھیں۔



**بحث کے کمرے میں کیاھوتا ھے؟**

تمام ممبران پارلیمان بحث کے کمرے میں ھونے والی میٹنگوں میں حصہ لے سکتے ھیں جہاں وہ عام طور پر اپنی پارٹی کے گروپوں میں بیٹھتے ھیں



نئے قوانین کی تجاویز پر بات چیت کے ساتھ ساتھ ، چیمبر کے کام میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- **بحث**

یہ عام طور پر ایک تحریک کی بنیاد پر ممبران پارلیمان کے درمیان بات چیت ھوتی ھے.

- **پہلے وزیر(فرسٹ منسٹر) سے سوالات**

یہ اسوقت جب ممبران پارلیمان پہلے وزیر سے سوال کرتے ھیں.

- **وقفہ سوالات**

یہ وہ سیشن ھے جب ممبران پارلیمان کابینہ سکریٹریوں اور وزیروں سے سوال کرتے ھیں

- **وزارتی بیانات**

یہ ضروری معاملات کے بارے میں پارلیمنٹ کو مطلع کرنے یا پالیسی پر اعلانات کرنےکے لئے کابینہ سکریٹریوں اور وزراء کی طرف سے استعمال کیے جاتے ہیں.

- **فیصلہ کا وقت**

یہ جب ممبران پارلیمان اکثر ووٹنگ کی ذریعے اس دن کی بحث شدہ تحاریک پر فیصلہ کرتے ھیں



**چیمبر میں پرزائیڈنگ افسر کا کردار کیا ہے؟**

پریزائیڈنگ افسر، دو ڈپٹی پریزائیڈنگ افسران کی مدد سے بحث کے کمرے میں اجلاس کی صدارت کرتا ہے۔ پریزائیڈنگ افسر (یا ایک ڈپٹی پریزائیڈنگ افسر) کمرے میں سامنے ایک میز پر ممبران پارلیمان کیجانب منہ کرکے بیٹھتا ہے۔

اجلاسوں کی صدارت کرتے وقت پریزائیڈنگ افسران کو لازمی طور پرغیر جانبداری سے کام کرنا چاہیے.

**کمیٹیاں کیا کام کرتی ھیں؟**
کمیٹیاں ممبران پارلیمان کے چھوٹے گروہ ھیں جومخصوص معاملات جیسے صحت، معیشت یا انصاف پر غور کرتے ھیں۔ وہ اسکاٹش پارلیمان کے کام میں ایک مرکزی کردار ادا کرتے ھیں کیونکہ برطانوی پارلیمان کے برعکس، اسکاٹش پارلیمان ایک واحد چیمبر والی پارلیمان ھے

**کمیٹیوں کے کام میں یہ شامل ھے:**

- **قانون سازی**

کمیٹیاں نئے قوانین کی تجاویز پر غور کر سکتی ہیں اور اُن میں ترمیم کر سکتی ھیں.وہ نئے قوانین بھی تجویز کر سکتی ہیں.

- **استفسارات**

کمیٹیاں کسی بھی معاملے کی چھان بین کر سکتی ھیں جو انکے دائرہ کار میں ھو اور اس پر اپنی سفارشات شائع کر سکتی ہیں.

- **درخواستیں**
  کمیٹیاں ان درخواستوں پر جو عوام اور گروھوں کی جانب سے کسی مسئلے کیجانب توجہ دلانے کیلیئے گزاری گئی ھوں پر غور کر سکتی ھیں اور اس پر رپورٹ کر سکتی ہیں.



**کمیٹیاں کس طرح کام کرتی ہیں؟**

- ہر کمیٹی کی صدارت ایک کنوینر کرتا ھےاور بیشترموجودہ کمیٹیوں کے سات یا گیارہ ارکان پارلیمان ممبر ھیں. اراکین اسکاٹش پارلیمان میں مختلف سیاسی جماعتوں اور گروھوں کے توازن کی عکاسی کرتے ھیں.

- کمیٹیاں عوامی ارکان کو دعوت دیتی ھیں کہ وہ ان مسائل پر جن پر غور کیا جا رھا ھے اپنے خیالات کا اظہار کریں. وہ کسی بھی شخص کو بطور گواہ اجلاس میں شرکت کے لئے مدعو کر سکتی ھیں.گواہ کمیٹی کے کاروبار سے متعلق گواہی دیتے ھیں.

**عوامی معلومات**

اسکاٹش پارلیمان، اس کی رکنیت، کام یا طریقہ کار کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، ہم سے رابطہ کریں.

لائیو بات چیت کیلیئے: www.parliament.scot/live-chat

**فون:** 0800 092 7500 یا 0131 348 5000

ہم ٹیکسٹ ریلے سروس یا برٹش سائن لینگوئج کے ذریعے کال کا بھی خیر مقدم کرتے ھیں

بذریعہ contactSCOTLAND-BSL

**ای میل:** sp.info@parliament.scot

**ٹیکسٹ:** 07786 209888

**پتہ:**

Public Information
The Scottish Parliament
Edinburgh
EH99 1SP

**ویب سائیٹ:** www.parliament.scot

ھمارے YouTube اور Facebook, Instagram, Twitter پر بھی اکاؤنٹ ھیں
اگر آپکو معلومات کسی اور شکل یا زبان میں چاھئیے تو ھم سے رابطہ کیجیئے

HAPPY TO TRANSLATE